فوری ریلیز کے لیے: 2023/11/4 گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL کا نیو یارک کے مزدوروں کے تحفظ کو تقویت دینے کے لیے جنسی ہراسگی کی حتمی مثالی پالیسی کا اعلان***

***پالیسی میں دور بیٹھ کر کام کرنے والے محنت کشوں کے تحفظ کے لیے نئی رہنمائی شامل؛ نیو یارک کے مکینوں کو ان کے حقوق کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد کے لیے نئے آن لائن تربیتی وسائل شامل کرتی ہے***

***جائے کار پر تحفظ اور جوابدہی کو بہتر بنانے کے گورنر کے عزم پر استوار***

***جنسی ہراسگی کی روک تھام کی حتمی پالیسی اور تربیتی ویڈیو دیکھیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیو یارک کے محکمۂ محنت نے ریاست کی جنسی ہراسگی کی مثالی پالیسی کے لیے تجدیدوں کو حتمی شکل دے دی ہے، یہ ایک دستاویزی خاکہ ہے جو ریاست نیو یارک کے آجروں کو ریاستی قوانین کی تعمیل کرنے اور جائے کار پر ملازمین کے تحفظ کے لیے جنسی ہراسگی اور متعلقہ موضوعات پر جدید ترین پالیسیوں تک رسائی کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ ریاست نیو یارک کے محکمۂ محنت نے ریاست نیو یارک کے انسانی حقوق کے ڈویژن کے ساتھ مل کر اس رہنمائی کو مضبوط کرنے کے لیے تعاون کیا ہے، جو ریاست نیو یارک میں دور بیٹھ کر کام کرنے والے محنت کشوں، صنفی امتیاز، انتقامی کارروائیوں اور دیگر نئی رہنمائیوں سے متعلق ہے۔ ریاست نیو یارک کے محکمۂ محنت نے آجروں اور ملازمین کو ریاست بھر میں نئی بہتر پالیسی اور لازمی تربیت کے تقاضوں کو سمجھنے اور ان کی تعمیل کرنے میں مدد دینے کے لیے ایک نئی باہمی تعاملی تربیتی ویڈیو اور آن لائن وسائل کی نقاب کشائی کی ہے۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "ریاست نیو یارک ہماری انسدادِ جنسی ہراسگی کی مثالی پالیسی کو جدید بنانے میں ایک زبردست قدم اٹھا رہی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ہر محنت کش کی وسائل تک مساوی رسائی ہو جو کام کے محفوظ اور جامع ماحول کو فروغ دے۔ جب میں نے عہدہ سنبھالا تو، میں نے نیو یارک کے شہریوں کو جائے کار پر ہراسگی اور بدسلوکی سے بھرپور تحفظ دینے کے لیے اپنی ریاست کی پالیسیوں کو تبدیل کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ اب، محکمۂ محنت کی کوششوں اور نیو یارک کے لاتعداد لوگوں کے تاثرات کی بدولت، یہ پالیسی تبدیلیاں اور وسائل کاروباری اداروں کو اپنی پالیسیوں کو جدید کام کی جگہ کے مطابق ڈھالنے اور محنت کشوں کے تحفظ کے لیے ایک قومی رہنماء کے طور پر نیو یارک کے موقف کو مستحکم کرنے میں مدد دیں گے"۔

نئے مثالی پالیسی اور تربیتی وسائل میں معلومات، نمونے کے مطالعات، اور حقیقی دنیا کی مثالیں شامل ہیں کہ دور بیٹھ کر کام کرنے کی ایک نئی دنیا میں اور عام دفتری جگہ سے آگے کام کے وسیع تجربات میں جنسی ہراسگی کیسے سامنے آسکتی ہے، نیز صنفی امتیازی سلوک، بشمول صنفی کردار کو دقیانوسی تصور کرنا اور ملازمین کے ساتھ ان کی جنس کی وجہ سے مختلف سلوک کرنا، جنسی ہراسگی میں شامل ہے۔ یہ ٹولز سرکاری اور نجی شعبے کے آجروں کو ریاست نیو یارک کے قوانین کی تعمیل کرنے میں مدد دیتے ہیں جن کے تحت آجروں کو تمام ملازمین کو جنسی ہراسگی اور کام کی جگہ پر امتیازی سلوک سے بچاؤ کی پالیسی، جنسی ہراسگی اور امتیازی سلوک سے بچاؤ کی سالانہ تربیت، ملازمت کے وقت اور سالانہ تربیت کے دوران اور پالیسی کی نقل کاغذ پر یا ای میل کے ذریعے فراہم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

گورنر Hochul نے جولائی 2022 میں نیو یارک کی جنسی ہراسگی کی مثالی پالیسی کی تجدید کرنے کے منصوبوں کا اعلان کیا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ نیو یارک اپنے محنت کشوں کو ہراسگی، امتیازی سلوک اور انتقامی کارروائیوں سے بچانے میں قوم کی رہنمائی کرنا جاری رکھے۔ جنسی ہراسگی کی روک تھام کی نئی مثالی پالیسی نیو یارک کے مکینوں، وکلاء، شرکائے کار، اور ریاست بھر میں دیگر وسیع عوامی تبصرے کے دوران آن لائن نیز ذاتی طور پر ملاقاتوں اور عوامی سماعت کے ذریعے حاصل کردہ تجاویز کے ساتھ بنائی گئی تھی۔ نئی، جدید اور سادہ زبان میں پالیسی کو تیار کرنے میں تاثرات اہم کردار ادا کرتے ہیں، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ نیو یارک کی افرادی قوت کو ملازمت کے دوران انتہائی تحفظ حاصل ہو۔

**ریاست نیو یارک کے محکمۂ محنت کی کمشنر Roberta Reardon نے کہا،** "ریاست نیو یارک بدستور ایک اقتصادی پاور ہاؤس ہے کیونکہ ہمیں ایک مضبوط اور پُرعزم افرادی قوت کی حمایت حاصل ہے۔ جنسی ہراسگی کی روک تھام کی نئی پالیسی اور مثالی تربیت ریاست کے محنت کشوں کو تحفظ فراہم کرتی ہے۔ میں گورنر Hochul کا محنت کشوں کے لیے ان کی لامتناہی حمایت اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ان کے عزم کے لیے شکریہ ادا کرتی ہوں کہ ریاست نیو یارک افرادی قوت کے تحفظ میں ایک رہنماء رہنا جاری رکھے گی"۔

ریاست نیو یارک نے سنہ 2018 میں جنسی ہراسگی کی روک تھام کی اپنی پہلی مثالی پالیسی کا نفاذ کیا تھا جو کہ ریاست نیو یارک کے محفوظ اور زیادہ منصفانہ کام کی جگہوں کے قیام کے عزم کو واضح کرنے والی بنیادی قانون سازی کے جزو کے طور پر نافذ کی گئی تھی۔ یہ قانون سازی تمام آجروں سے، قطعٔ نظر ان کے کاروباری حجم کے، جنسی ہراسگی کی روک تھام کی پالیسی اپنانے اور ملازمین کو سالانہ تربیت فراہم کرنے کی متقاضی ہے اور ریاست نیو یارک سے اس تقاضے کو پورا کرنے میں آجروں کی مدد کے لیے ایک مثالی پالیسی اور تربیت فراہم کرنے کا تقاضہ کرتی ہے۔ قانون سازی یہ تقاضہ بھی کرتی ہے کہ ریاست کی جانب سے فراہم کردہ مثالی پالیسی کا ہر چار سال بعد جائزہ لیا جائے اور اس پر نظر ثانی کی جائے۔

ریاست بھر میں تمام آجروں کے لیے دستیاب ایک نئی تربیتی ویڈیو کے علاوہ، ریاست نیو یارک کا محکمۂ محنت ایک عوامی تعلیمی مہم بھی شروع کرے گا تاکہ نیو یارک کے مکینوں اور کاروباری اداروں کو نئی مضبوط پالیسی کو سمجھنے میں مدد ملے۔ ریاست نیو یارک نے اپنے جنسی ہراسگی کے خلاف لڑنے کے وسائل کے صفحے کو بھی اپ ڈیٹ کیا ہے تاکہ مزدوروں اور آجروں کے لیے نئی ٹول کٹس، تازہ ترین اکثر پوچھے گئے سوالات نیز ایک نئی ٹریننگ سلائیڈ ڈیک اور اس کے ساتھ سکرپٹ، اور دیگر اثاثے شامل ہوں جو کاروبار تعمیل کو یقینی بنانے میں ملازمین کی تربیت کے مقاصد کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

**ریاست نیو یارک کے انسانی حقوق کے ڈویژن کی کمشنر Maria L. Imperial نے کہا،** "محکمۂ محنت کی جانب سے یہ اہم اقدامات کام کی زیادہ مساوی اور جامع جگہوں کی تعمیر میں مدد کریں گے، بشمول وہ جگہیں جہاں دور بیٹھ کر اور ملی جلی شکل میں کام ہوتا ہے۔ گورنر Hochul نے جنسی ہراسگی کے خاتمے کو ترجیح دی ہے اور ڈویژن کو ہماری ریاست کے جائے کار پر ہراسگی کے قوانین کو نافذ کرنے پر فخر ہے۔ ہم ریاست نیو یارک میں ہر محنت کش کے وقار اور حفاظت کو برقرار رکھنے کے لیے اپنے اختیار میں ہر ذریعے کا استعمال جاری رکھیں گے"۔

جنسی ہراسگی کی روک تھام کی موجودہ مثالی پالیسی کے بارے میں مزید معلومات اور تمام تربیتی وسائل تک رسائی کے لیے، جائے کار پر جنسی ہراسگی کا مقابلہ ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔ اگر آپ یا آپ کے کسی جاننے والے کو کام کی جگہ پر جنسی ہراسگی کا سامنا ہے، تو آن لائن رپورٹ درج کروائیں یا NYSDHR کی نئی ٹول فری جنسی ہراسگی کی ہاٹ لائن کو 1-800-HARASS-3 پر پیر سے جمعہ، صبح 9:00 بجے سے شام 5:00 بجے تک کال کریں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں